RISHTA NATA
Ahmadiyya Muslim Jamaat Deutschland

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ڈنمارک میں حکومتی شادی کا طریقہ کار

**ضروری نوٹ:** مندرجہ ذیل معلومات آپ کو متعدد افرادِ جماعت کے تجربہ کی بنیاد پر فراہم کی جا رہی ہیں۔ شعبہ رشتہ ناطہ جرمنی کسی درخواست کو خود پراسیس نہیں کرے گا اور نہ ہی کسی قسم کے دستاویزات سکین کر کے مہیا کرے گا۔ چونکہ شادی سے متعلقہ قوانین میں گاہے بہ گاہے تبدیلیاں پیدا ہو سکتی ہیں لہٰذا درخواست دیتے ہوئے پہلے اپنی تسلی ضرور کر لیں۔ ڈنمارک میں شادی کے سلسلہ میں تمام تر کاروائی کی ذمہ دار خود درخواست دہندہ ہو گا، شعبہ رشتہ ناطہ کا اس سے کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی اس طریقہ کار کی مکمل ضمانت دیتا ہے۔

## مختصر ابتدائی ہدایات

درخواست دینے سے قبل براہ کرم درج ذیل دستاویزات تیار رکھیں

- **اپنے پاسپورٹ کی تمام صفحات کی سکیننگ (تصویری فائل یا پی ڈی ایف)**۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ اپ لوڈ کی جانے والی فائل بہت اچھی کوالٹی میں ہو، نہ تو ایڈیٹ کی گئی ہوں اور نہ ہی کاٹی گئی ہوں۔ چاہے آپ کے پاس کوئی بھی پاسپورٹ ہو۔ آپ کو ہر صورت پاسپورٹ کے تمام صفحات کی تصاویر اپ لوڈ کرنی ہوں گی۔ یہاں تک کہ خالی صفحات بھی اپ لوڈ کرنے ضروری ہیں۔
- **موجودہ تفصیلی رہائشی تصدیق نامہ Meldebescheinigung mit famillienstand**۔ آپ کے رہائشی تصدیق نامے پر یہ درج ہونا ضروری ہے کہ آپ کی موجودہ قانونی ازدواجی حیثیت (مثلاً غیر شادی شدہ، طلاق یافتہ یا بیوہ) کیا ہے۔
- **رہائش کی اجازت (ویزہ)**۔ ڈنمارک میں قانونی داخلے کے لیے ضروری ہے کہ آپ کے پاس ڈنمارک داخلے کی اجازت (ویزہ) ہو۔
- **تصاویر اور فیملیز کا آپس میں رابطہ کا ثبوت**۔ یہ بھی ضروری ہے کہ دونوں لڑکے اور لڑکی کی مشترکہ تصاویر اپ لوڈ کی جائیں۔ عموماً یہ منگنی یا پہلی ملاقات کی تصاویر ہوتی ہیں۔ یہ تصاویر ثابت کرتی ہیں کہ یہ شادی حقیقی ہے بصورت دیگر قانونی نتائج بھگتنے پر سکتے ہیں۔

اس کے بعد درج ذیل مراحل پر عمل کریں اور اپنے کمپیوٹر/لیپ ٹاپ پر تصاویر یا پی ڈی ایف فارمیٹ میں فائلیں ایک علیحدہ فولڈر میں تیار کر کے رکھ لیں۔

**پہلا مرحلہ:** یہ لنک کاپی کریں اور اپنے کمپیوٹر/لیپ ٹاپ پر کھولیں: [https://familieretshuset.dk/de] اوپر دائیں طرف تین لائنوں پر کلک کریں اور "درخواست" کو منتخب کریں۔ اب آپ کو درخواست دینے کے لیے کئی آپشنز نظر آئیں گے۔ "ایس ایم ایس لاگ ان کے ساتھ درخواست فارم" کا انتخاب کریں۔ براہ کرم درخواست کو ایک ساتھ مکمل کریں۔

**دوسرا مرحلہ:** اپنا موبائل نمبر درج کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ پہلے ملک کا کوڈ اور پھر اپنا نمبر بغیر 0 کے شروع میں درج کریں۔

آپ کو sms کے ذریعے ایک کوڈ موصول ہو گا، جو آپ کو ویب سائٹ میں درج کرنا ہو گا۔

**شادی کی شرائط کی جانچ کا عمل:** آپ درخواست مکمل کر کے جب جمع کروائیں گے تو آپ کو ای میل کے ذریعے ایک رسید موصول ہو گی۔ پھر آپ کی درخواست کا جائزہ لیا جائے گا اور شادی کی اہلیت کا سرٹیفکیٹ متعلقہ اتھارٹی کو بھیج دیا جائے گا۔ آپ کو فیصلہ ای میل کے ذریعے موصول ہو گا۔

## تیسرا مرحلہ:

- براہ کرم درخواست کو اچھی طرح پڑھیں اور پھر "آگے" (سبز بٹن) پر کلک کریں۔
- اس کے بعد اگلے صفحہ "تیاری" کو بھی مکمل طور پر پڑھیں اور پھر "آگے" (سبز بٹن) پر کلک کریں۔

## مرحلہ 4: (مرکزی درخواست)

| نمبر | سوالات | جوابات |
|---|---|---|
| 1. | آپ کہاں شادی کرنا چاہتے ہیں؟ | Standesamt |
| 2. | آپ کس علاقہ میں میں شادی کرنا چاہتے ہیں؟ | کوئی بھی علاقہ منتخب کریں۔ مشورہ: (Aabenrade) کیونکہ یہ جرمن سرحد کے قریب ہے۔ |
| 3. | درخواست کیسے دی جا رہی ہے؟ | ہم درخواست کو مل کر مکمل کر رہے ہیں۔ |
| 4. | میں انتظامی فیس کی ادائیگی کے لئے مندرجہ ذیل ادائیگی کے ذریعہ کا انتخاب کرتا ہوں: | یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ کیسے ادائیگی کرنا چاہتے ہیں، لیکن کریڈٹ کارڈ عمل کو آسان بناتا ہے۔ |
| 5. | فریق اول کی معلومات : نام (پہلا، درمیانی، اور آخری نام): | اپنے نام کو پاسپورٹ کے مطابق درج کریں۔ |
| 6. | شہریت: | اگر آپ یورپی یونین کے اندر یا باہر کی شہریت رکھتے ہیں، تو منتخب کریں۔ |
| 7. | CPR نمبر (اگر موجود ہو): | اسے چھوڑا جا سکتا ہے۔ |
| 8. | شناختی نمبر (اگر موجود ہو): | قومی شناختی کارڈ یا رہائشی اجازت نامہ کا نمبر۔ |
| 9. | تاریخ پیدائش: | اپنی تاریخ پیدائش درج کریں۔ |
| 10. | ای میل: | انفرادی ای میل استعمال کریں۔ |
| 11. | ملک کا کوڈ: | +49 جرمنی کے لئے |
| 12. | موبائل نمبر: | درست موبائل نمبر درج کریں اور اس کی تصدیق کریں، نمبر بغیر 0 کے شروع ہونا چاہیے۔ |
| 13. | کیا آپ ویزا سے مستثنیٰ ہیں؟ | آن لائن چیک کریں کہ آیا آپ کو ڈنمارک میں داخلے کے لئے ویزا کی ضرورت ہے یا نہیں۔ تمام یورپی ممالک کو ویزا کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ کی کوئی غیر یورپی شہریت (مثلاً پاکستانی) ہے، تو آپ کو جرمنی میں رہائش کی اجازت کا ثبوت دینا ہو گا یا ڈنمارک کے ویزا کی ضرورت ہو گی۔ |
| 14. | ڈنمارک میں قانونی رہائش کی دستاویز: | یہاں آپ کو اپنا قومی شناختی کارڈ یا رہائشی اجازت نامہ اپ لوڈ کرنا ہو گا تاکہ ثابت کیا جا سکے کہ آپ ڈنمارک میں |

| | | |
|---|---|---|
| | | قانونی طور پر داخل ہوں گے۔ اگر آپ کے پاس غیر یورپی پاسپورٹ ہے، تو پاسپورٹ کے ساتھ ویزا والا صفحہ بھی اپ لوڈ کریں۔ |
| 15. | کیا آپ کے پاس پہلے کوئی اور نیشنیلٹی تھی؟ | اگر آپ کے پاس پہلے کوئی اور شہریت تھی تو اسے منتخب کریں۔ |
| 16. | آپ کا مستقل رہائشی پتہ کیا ہے؟ (عارضی پتہ نہیں) | منتخب کریں۔ |
| 17. | سٹریٹ اور مکان نمبر: | درج کریں۔ |
| 18. | پوسٹل کوڈ: | درج کریں۔ |
| 19. | شہر: | درج کریں۔ |
| 20. | آپ کس ملک میں پیدا ہوئے؟ | درج کریں۔ |
| 21. | آپ کس شہر میں پیدا ہوئے؟ | درج کریں۔ |
| 22. | کیا آپ کے پاس پاسپورٹ یا EU/EEA شناختی کارڈ ہے؟ | درج کریں۔ |
| 23. | براہ کرم اپنے پاسپورٹ / EU/EEA شناختی کارڈ کا نمبر درج کریں: | درج کریں۔ |
| 24. | آپ کا پاسپورٹ / EU/EEA شناختی کارڈ کب جاری ہوا؟ | درج کریں۔ |
| 25. | آپ کا پاسپورٹ / EU/EEA شناختی کارڈ کب تک درست ہے؟ (اگر کوئی تاریخ نہیں ہے تو آج کی تاریخ درج کریں) | درج کریں۔ |
| 26. | آپ کا پاسپورٹ / EU/EEA شناختی کارڈ کس ملک میں جاری ہوا؟ | درج کریں۔ |
| 27. | آپ کے پاسپورٹ کی تمام صفحات کی رنگین تصاویر یا کاپیاں: | پاسپورٹ اپ لوڈ کریں، خالی صفحات سمیت۔ |
| 28. | کیا آپ پہلے شادی شدہ رہ چکے ہیں؟ | آپ کو اپنی ممکنہ غیر شادی شدہ سند اور عدالتی فیصلے کو اپ لوڈ کرنا ہوگا۔ |
| 29. | کیا آپ کسی کی سرپرستی میں ہیں؟ | نہیں ! |
| 30. | کیا آپ اپنے شریک حیات کے رشتہ دار ہیں؟ | ملکی قانون دفعہ 6 کے تحت، قریبی رشتہ داروں کے درمیان شادی ممنوع ہے (جیسے والدین اور بچوں یا بہن بھائیوں کے درمیان)۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .31 | کیاآپ اپنے شریک حیات کے رشتہ دار ہیں؟ | دفعہ 7 کے تحت، بغیر اجازت ایسی شادی ممنوع ہے جہاں ایک شریک حیات دوسرے کے قریبی رشتہ دار سے پہلے شادی کر چکا ہو (مثلاً ساس اور داماد کے درمیان)۔ |
| .32 | کیاآپ کے درمیان کوئی گود لینے کا تعلق ہے؟ | دفعہ 8 کے تحت، گود لینے والے والدین اور بچوں کے درمیان شادی اس وقت تک ممنوع ہے جب تک گود لینے کا تعلق برقرار ہے۔ |
| .33 | کیاآپ اور آپ کا شریک حیات ایک ساتھ رہے ہیں؟ | نہیں، اگر درخواست نکاح اور رخصتی سے پہلے مکمل کی جا رہی ہو۔ |
| .34 | کیاآپ اور آپ کے شریک حیات کے مشترکہ بچے ہیں؟ | نہیں، اگر درخواست نکاح اور رخصتی سے پہلے مکمل کی جا رہی ہو۔ |
| .35 | آپ اپنے شریک حیات سے کیسے ملے؟ | یہاں کبھی بھی یہ نہ لکھیں کہ آپ کبھی نہیں ملے یا اس جیسا کچھ اور۔ حکام یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ یہ جھوٹی شادی نہیں ہے۔ اس سوال کا تفصیلی جواب دینا بہتر ہے۔ |
| .36 | کیاآپ نے اپنے شریک حیات سے ذاتی طور پر ملاقات کی ہے؟ | درخواست مکمل کرنے سے پہلے یہ ہونا چاہیے۔ (مثلاً منگنی یا پہلی فیملی ملاقات) |
| .37 | آپ نے اپنے شریک حیات سے کہاں اور کب ملاقات کی؟ | ایمانداری سے جواب دیں۔ |
| .38 | آپ کی پہلی ملاقات کب ہوئی؟ | جواب دیں۔ |
| .39 | آپ کتنی بار اور کیسے رابطے میں ہیں؟ | جواب دیں۔ |
| .40 | آپ کہاں اور کن اوقات میں ایک ساتھ رہے؟ | یہاں لکھ سکتے ہیں کہ فی الحال والدین کے ساتھ رہ رہے ہیں اور شادی کے بعد ایک ساتھ رہنے کا ارادہ ہے۔ |
| .41 | رہائشی تصدیق نامہ: | ایک تازہ رہائشی تصدیق نامہ فراہم کریں۔ اہم ہے کہ یہ ایک تفصیلی رہائشی تصدیق نامہ ہو۔ |
| .42 | آپ کے تعلقات کی دستاویزات (رنگین تصاویر): | منگنی یا ایسی دو سے تین تصاویر اپ لوڈ کریں۔ بہتر ہے کہ صرف لڑکے اور لڑکی کی تصاویر اپ لوڈ کی جائیں۔ |
| .43 | آپ آپس میں کس زبان میں بات چیت کرتے ہیں؟ | درج کریں۔ |

**پانچواں مرحلہ:** فریق ثانی کی معلومات کو بھی درج کریں۔

**چھٹا مرحلہ:** اب آپ کو حلفیہ بیان (b11) شامل کرنا اور اپلوڈ کرنا ہوگا۔ یہ فریقین کے دستخط سے مکمل ہونا چاہیے۔ (یہ فائلیں آپ کو درج ذیل لنک یا منسلکات میں مل جائیں گی۔)

لنک

https://familieretshuset.dk/media/1318/proevelsesmyndighed_11b_erklaering_de.pdf

## ساتواں مرحلہ:

- اب تمام درج شدہ معلومات اور حلفیہ بیان پر دستخط کیجئے اور اپلوڈ کریں۔ براہ کرم خود نام درج کریں اور اس کے نیچے دستخط کریں۔ اوپر دائیں طرف شہر اور تاریخ بھی خود لکھیں۔ خیال رہے کہ ہر شخص کا نام صحیح اور مکمل لکھا جائے، ورنہ دستخط کو درست تسلیم نہیں کیا جائے گا۔

## آٹھواں مرحلہ:

- اب آخری مرحلہ فیس کی ادائیگی کا ہے۔ یاد رکھیں کہ آپ کو رقم ڈینش کرونز میں دکھائی جائے گی جو بظاہر زیادہ معلوم ہو سکتی ہے۔ لیکن یورو میں یہ رقم عموماً 220 سے 260 یورو کے درمیان ہوتی ہے، جو کرنسی کے ریٹ کے حساب سے مختلف ہو سکتی ہے۔ مثلاً: DKK 1900 تقریباً 250 یورو بنتے ہیں۔

- کریڈٹ کارڈ کے ذریعہ ادائیگی سے آپ کی درخواست پر جلد کام شروع ہو جائے گا۔

## Zusammenfassung und Ehrenwörtliche Erklärung

Ich erkläre hiermit das die Informationen die ich gegeben habe korrekt sind und dass ich damit bekannt bin dass es gemäss der Dänischen Strafgesetzbuches §163 strafbar ist unrichtige Informationen gegeben zu haben.

Das Dänische Strafgesetzbuch §163: Gemäss den Dänischen Strafgesetzbuches §163 wird derjenige der in Rechtsfragen, die das Öffentliche betrifft, unrichtige schriftliche Informationen gibt, mit Geldstrafe oder Freiheitsstrafe bis zu sechs Monaten bedroht.

Darüber hinaus erkläre ich die Broschüre "Når I skal giftes – husk økonomien" gelesen zu haben.

Name der Unterzeichner:

Unterschreiben Sie hier:

Name der Unterzeichner:

Unterschreiben Sie hier: